
غیر رسمی تعلیم

# معاشرتی علوم

پیکیج سی

## رہنمائے اساتذہ



نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

## پیکیج سی

برائے جماعت چہارم و پنجم

# معاشرتی علوم

## غیر رَسمی تعلیم

## رہنمائے اساتذہ

نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

جملہ حقوق بحقِ ادارہ محفوظ ہیں۔

یہ تدریسی مواد غیر رسمی بنیادی سکولوں کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بنایا گیا ہے جو کہ منتخب سکولوں میں آزمائشی طور پر استعمال کیا جا رہا ہے تا کہ اس تدریسی مواد اور طریقہ کو جانچ کر مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اس سلسلہ میں ادارہ آپ کی تجاویز کو مزید بہتری کے لیے استعمال کرے گا۔

Notification no. 2933-36/CTR/DCTE Dated: 28.09.2023

**مصنّفین و مؤلفین:**

1. انوار احمد
2. منور بیگ
3. نادیہ پروین تھلو

**نظرِ ثانی و اضافہ:**

سید ابو تراب حیدر پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول، چھتر پلین مانسہرہ

زبیر علی اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر، ایبٹ آباد

راجہ شیراز احمد AD نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

محمد ثالث ماہر مضمون گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول موہار، مانسہرہ

عرفان راجہ ماہر مضمون گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول ڈھوڈیال مانسہرہ

بابر بشیر خان ماہر مضمون نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

**زیر نگرانی :**

گوہر علی خان ڈائریکٹر نصاب و تعلیم اساتذہ ایبٹ آباد

سید امجد علی ایڈیشنل ڈائریکٹر، نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

**تکنیکی و مالی معاونت:** یونیسف و جائیکا (JICA) پاکستان

# پیش لفظ

تعلیم وہ زیور ہے جو نہ صرف انسان کا کردار سنوارتی ہے بلکہ قوموں کی تعمیر و ترقی کی راہ متعین کرتی ہے۔ پاکستان میں تعلیم و خواندگی کی شرح نسبتاً کم رہی ہے۔ ہمارے ملک میں سکول سے باہر بچوں کی تعداد کا تناسب بہت زیادہ ہے۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستان اس لحاظ سے دُنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے۔

حکومت خیبر پختونخوا کی ہمیشہ سے یہ ترجیح رہی ہے کہ ان بچوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا جائے۔ زیرِ نظر درسی مواد و رہنمائے اساتذہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جو صوبہ بھر میں حکومت کے غیر رسمی تعلیمی مراکز میں رائج کیا جائے گا۔

معاشرتی علوم کا یہ پیکج طلبہ کی معاشرتی و تخلیقی مہارتوں کے ساتھ ساتھ ان کو معاشرے میں تعمیری کردار ادا کرنے کے قابل بنائے گا اور کم سے کم تدریسی مواد کے ذریعے سیکھنے اور معاشرت کی بنیادی مہارتوں کو پروان چڑھانے میں ممد و معاون ثابت ہو گا۔

لچکدار، متبادل اور تیز تر نوعیت کا یہ مواد سکولوں سے باہر بچوں کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ اس سلسلے کا دوسرا ایڈیشن ہے جس کو قومی نصاب سے ہم آہنگ کر دیا گیا ہے اور مروجہ نصاب کی تمام ضروریات کو مدِ نظر رکھ کر مرتب کیا گیا ہے۔

محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم اور نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا کے ماہرین تعلیم کی یہ کاوش لائق تحسین ہے جن کی شبانہ روز اور انتھک محنت کی بدولت یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

میں UNICEF اور جائیکا JICA کا فراخ دلانہ تکنیکی معاونت کے لیے تہہ دل سے مشکور ہوں۔

ڈائریکٹر

نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ، خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | نقشے اور گلوب | 1 |
| 2 | موسم اور آب وہوا | 5 |
| 3 | پاکستان کے طبعی خدوخال | 10 |
| 4 | ہماری ثقافت (رسم ورواج اور تہوار) | 14 |
| 5 | شہریت اور انسانی حقوق | 18 |
| 6 | ہماری تاریخ | 21 |
| 7 | معاشیات اور معاشی سرگرمیاں | 26 |
| 8 | معاشی سرگرمیاں (صنعت اور تجارت) | 28 |
| 9 | پاکستان کا نظامِ حکومت | 31 |

# 1 نقشے اور گلوب

درسی مواد صفحہ نمبر: 1 تا 13 تدریسی دورانیہ: 35 منٹ کے 6 پیریڈز کل: 210 منٹ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

SSC6b101 نقشے (Maps) اور گلوب (Globe) کی تعریف کر سکیں اور نقشے کے اہم عناصر کے نام بتا سکیں۔

SSC6b102 نقشے کو پڑھتے ہوئے پیمانے (Scale) کی تعریف کر سکیں اور اشکال کی مدد سے اس کی اقسام بیان کر سکیں۔

SSC6b203 عرض بلد (Latitudes) طول بلد (Longitude) کی خصوصیات کی شناخت کر سکیں۔

SSC6b304 خشکی کے بڑے حصے براعظم (Continents) اور بحر (Oceans) کی تعریف کر سکیں اور نقشے پر انہیں تلاش کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

درسی کتاب، تختہ تحریر، چاک، نقشے، گلوب اور نقشوں کے خاکے، درسی کتاب کی تصویریں، وغیرہ۔

## آمادگی:

سبق کی سابقہ واقفیت اور آمادگی پیدا کرنے کے لئے درج ذیل سرگرمیاں کروائیں۔ ہر سرگرمی سے متعلقہ درسی مواد کی تدریس سے پہلے کروائیں۔ جیسے سرگرمی نمبر 1 درسی کتاب کے تصور نقشہ اور سمتوں کا استعمال سے پہلے کی جائے۔ اسی طرح بقیہ سرگرمیاں 2 تا 5 متعلقہ تصور سے پہلے مکمل کریں۔

## سرگرمی نمبر1:

کہانی شروع کرنے سے پہلے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور دائرے کے درمیان میں اندازے سے اسکول کی عمارت کا نشان بنادیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اسکول کے نشان کے اطراف میں جانی پہچانی عمارتوں اور مقامات کے نشانات / علامات بنادیں۔ ٹیچر بچوں کی نشانات بنانے میں رہنمائی کریں گے۔ اس طرح اسکول کے اطراف کھیت، درخت، مسجد، دکانیں، گھر اور کھیل کے میدان وغیرہ کی علامات یانشانات بن جائیں گے۔ اب بچوں کو بتائیں کہ ہمارا گاؤں اوپر سے دیکھنے پر اس طرح نظر آئے گا۔ یہ ہمارے گاؤں کا نقشہ ہے۔ نقشہ کسی جگہ کے بارے میں معلومات دیتا ہے۔ گاؤں کے نقشہ بنانے کے بعد بچوں سے اس طرح کے سوال کرکے ان کے نقشے کے متعلق تصورات کو مزید بہتر بناسکتے ہیں۔

1۔ کس کا گھر اسکول کے قریب تر ہے؟

2۔ کس کا گھر اسکول سے دور ہے؟

3۔ اسکول کے مشرق، مغرب، شمال اور جنوب میں کون سی عمارتیں واقع ہیں اور اِن سمتوں میں کس کس کے گھر ہیں؟

## سرگرمی نمبر2:

ان جوابات کو لکھنے کے بعد ٹیچر بچوں کو اہم عمارتوں اور مقامات کی علامات / نشانات کی مشق کروائیں گے تا کہ بچے مقامی نقشے بناتے وقت ان کا استعمال کر سکیں۔ اہم مقامات اور ان کے نشانات: اسکول، مسجد، گھر، کھیت، درخت، دکانیں، کچّی سڑک، پکّی سڑک، نہر، تالاب وغیرہ۔

## سرگرمی نمبر3:

تختۂ تحریر / زمین پر بنیادی سمتوں کا اشاریہ بنادیں اور بچوں کو ذہن نشین کروائیں کہ نقشہ پر شمال کی سمت اوپر کی جانب ہوتی ہے اور اس کی مدد سے باقی سمتوں کا تعین کروائیں۔ اب بچوں کے ساتھ سمتوں کا کھیل کھیلیں۔ مثلاً ایک بچہ بتائے کہ اسکے گھر کے اطراف کون کون سی اہم نشانیاں ہیں اور بچے اس کے گھر کے مقام کا نقشہ بنائیں۔ ٹیچر نقشہ بنانے اور پڑھنے کی مہارتوں کو سیکھنے میں ان کی مدد کریں۔

## سرگرمی نمبر4:

ٹیچر بچوں کو قطب نما دکھا کر بنیادی اور ذیلی سمتوں کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے۔ تختۂ تحریر پر قطب نما کی شکل بنا کر

بچوں سے اس کی مشق کروائیں گے اور اس کے بعد سمتوں کی پہیلیوں کا کھیل کھیلا جا سکتا ہے۔ بچے ٹیچر کی بات سنیں گے اور اپنی کاپی یا تختۂ تحریر پر نقشہ بنائیں گے۔ مثلاً عبد اللہ کسی مقام سے ایک کلو میٹر جنوب کی طرف جاتا ہے اور پھر مشرق کی طرف ایک کلو میٹر سفر کرتا ہے اور وہاں سے وہ مزید ایک کلو میٹر شمال کی طرف جاتا ہے اب وہ اپنے ابتدائی مقام سے کتنے فاصلے پر اور کہاں کھڑا ہے؟ اسی طرح ایک بچّہ اپنے گھر کے مقام کی سمتیں بتا کر بچوں سے نقشہ بنوائے گا۔ مثلاً انوری کہتی ہے اگر اسکول سے شمال کی طرف چلیں تو مسجد آئے گی مسجد کے دروازے سے مشرق کی طرف چلیں تو چاچا موسیٰ کی دکان آئے گی اب وہاں سے جنوب مغرب کی طرف دیکھیں تو ایک بڑا نیم کا درخت نظر آئے گا، اس کے ساتھ میرا گھر ہے۔ اس طرح باری باری ہر بچے کو اپنے گھر یا کسی اور مقام کا نقشہ زبانی بتانے کو کہا جائے گا اور باقی بچے ہدایات سن کر اسکے گھر / مقام کا نقشہ بنائیں گے اس طرح بچوں کو زبانی اور تحریری نقشہ بنانے کی مشق دی جائے گی۔ تاکہ بچے سمتوں اور نقشہ کے بارے میں تمام معلومات اچھی طرح ذہن نشین کر لیں۔

## سرگرمی نمبر 5

ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر 3 پر خیبر پختونخوا کا نقشہ دِکھاتے ہوئے اس کے اہم اجزاء کی نشاندہی کروائے۔

## تدریسی طریقہ کار:

(I) آمادگی کے سوالات کے بعد ٹیچر تختۂ تحریر پر عنوان لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم نقشوں اور گلوب کے بارے میں پڑھیں گے۔ ٹیچر درسی کتاب کا صفحہ نمبر 1 کھلوائیں اور بچے سبق کو ایک کہانی کے انداز میں پڑھیں۔ درمیان میں سوالات کرتے جائیں تاکہ بچوں کی دلچسپی برقرار رہے۔ سبق کے مطابق بچوں کو نقشے اور گلوب سے متعلق عملی کام کرواتے جائیں تاکہ ان کے تصورات خود پختہ ہوتے جائیں۔

(II) پاکستان کے نقشے، اٹلس اور گلوب کی مدد سے اہم تصورات کی وضاحت کریں گے۔ پاکستان کے نقشہ کی مدد سے خیبر پختونخوا کے اضلاع اور اہم شہروں کے محلِ وقوع کی نشاندہی کروائی جائے گی اور اس کی بنیاد پر پاکستان کے نقشے میں دوسرے صوبوں کی پہچان کروائی جائے گی۔ بعد میں برِّاعظم ایشیاً میں پاکستان کے محلِ وقوع اور اس کے پڑوسی ملکوں کے بارے میں بچّے سیکھیں گے۔ نیز پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت کو نقشے کے مطابق بحث میں لائیں۔ نقشوں اور گلوب پر سمندروں اور برِّاعظموں کی پہچان کروائی جائے گی۔

(III) ٹیچر گلوب کا خاکہ / ماڈل بنوا کر اہم طول بلد اور عرض بلد خطوط کی نشاندہی کروائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نقشے میں دی گئی معلومات کا غور سے تجزیہ کرتے ہوئے نقشے کی علامتوں اور رنگوں کا مطلب طلباء کو سمجھائیں۔

(IV) بچوں کو یاد دلائیں کہ موسم زمین کی سورج کے گرد گردشی حرکت سے بنتے ہیں۔ پھر موسموں کے نام اور ان کے شروع ہونے کی تاریخیں بتائیں۔

| موسم | پہلا دن | سورج کی روشنی |
|---|---|---|
| موسمِ بہار | 21 مارچ، | صفر درجہ، عرض بلد خطِ استوا |
| موسمِ گرما | 22 جون، سال کا سب سے بڑا دن | 23½ درجہ شمالی، عرض بلد منطقہ حارہ خطِ سرطان |
| موسمِ خزاں | 21 ستمبر | صفر درجہ، عرض بلد خطِ استوا |
| موسمِ سرما | 21 دسمبر، سال کا سب سے چھوٹا دن | 23½ درجہ جنوبی، عرض بلد خطِ جدی |

## کلاس ورک:

- ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات کروائیں اور ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کریں۔
- ٹیچر سرگرمیاں 1 تا 3 اپنی رہنمائی میں کروائیں۔ (کتاب کے صفحہ نمبر 14 سے)

## جائزہ:

- بچوں کو پاکستان کے نقشے کی فوٹو کاپی دے کر اس پر اہم مقامات کے نام لکھوائے جائیں۔
- دُنیا کے نقشے کے خاکے میں بحر اور برِاعظموں کے نام لکھوائے جائیں۔

## ہوم وَرک:

- مشق کا سوال نمبر 3 اور 4 گھر کے کام کے لیے تفویض کریں۔

# 2 موسم اور آب و ہوا

درسی مواد صفحہ نمبر: 14تا22 تدریسی دورانیہ: 35 منٹ کے 5 پیریڈز کل: 175 منٹ

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

SSC6b506 موسم (Weather) اور آب و ہوا (Climate) کی تعریف کر سکیں۔

SSC6b507 آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

درسی کتاب، تختۂ تحریر، چاک، کھانے کی کوئی چیز، درسی کتاب کی تصویریں، اصلی تھرمامیٹر، بیرومیٹر، کارڈ شیٹ، پانی کی بوتل، برف، دنیا کے نقشے کا خاکہ اور گلوب وغیرہ۔

## آمادگی:

آمادگی کی ہر سرگرمی درسی کتاب کے متعلقہ تصور سے پہلے کروائیں۔

بچوں سے موسم کے نام پوچھے جائیں اور ان سے سوال کیے جائیں:

1۔ ان کو کون سا موسم پسند ہے اور کیوں؟

2۔ گرمی کا موسم سردی کے موسم سے کیسے مختلف ہوتا ہے؟

3۔ گرمی کے موسم میں وہ کس قسم کے کپڑے پہنتے ہیں؟

4۔ سردی کے موسم میں کون سے کھانے کھائے جاتے ہیں؟

5۔ آپ کون سے موسم میں زیادہ خوش ہوتے ہیں اور کیوں؟

6۔ بہار کے موسم کی خاص بات کیا ہے؟

## تدریسی طریقہ کار:

آمادگی کے سوالات کے بعد ٹیچر تختۂ تحریر پر عنوان لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم اپنے وطن کے موسموں اور آب و ہوا کے بارے میں پڑھیں گے۔ ٹیچر درسی کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھلوائیں اور پورے سبق کو ایک کہانی کے انداز میں پڑھیں۔ درمیان میں سوالات کرتے جائیں تا کہ بچوں کی دلچسپی برقرار رہے۔ سبق میں موسم کا حصہ پڑھانے کے بعد درج ذیل سرگرمیوں سے موسم کے متعلق تصورات کی معلومات کو فراہم کیا جائے۔

## سرگرمی نمبر 1:

### درجہ حرارت:

تھرمامیٹر سے بچوں کا ٹمپریچر نوٹ کیا جائے اور اس کے بعد کمرہ جماعت کے اندر اور باہر کے ٹمپریچر کا مشاہدہ کروا کے تھرمامیٹر کا استعمال سکھایا جائے اور تھرمامیٹر سے حاصل کردہ ریکارڈ کی روشنی میں بچوں کو نتیجہ اخذ کروانا سکھایا جائے۔ برف کو ایک گلاس میں بھر کر اس کا ٹمپریچر نوٹ کروایا جائے۔ بچوں کو درجہ حرارت کی تبدیلی کی مشق اس طرح کروائیں کہ مختلف جگہوں کا مختلف اوقات میں یا وقفوں کے ساتھ درجہ حرارت نوٹ کیا جائے تا کہ ان کو یقین ہو جائے کہ فضا کا درجہ حرارت تبدیل ہوتا رہتا ہے۔

### فضائی دباؤ:

ایک پانی کی بوتل کے نچلے حصے میں میں سوراخ کریں اور اس میں پانی بھر دیں۔ پانی سوراخ سے بہنا شروع ہو جائے گا۔ اب بوتل میں منہ سے ہوا بھریں تو پانی اور تیزی سے بہنا شروع ہو جائے گا۔ ٹیچر بچوں سے ہوا کے دباو کا نتیجہ اخذ کروائیں۔



### ہوا کی رفتار معلوم کرنا:

کاغذ کا ایک تین پروں والا پنکھا بنائیں جس کو ایک پتلی ڈنڈی کے سرے پر پِن کی مدد سے لگا دیں۔

اب کمرہ جماعت سے اندر اور باہر بچے اپنے اپنے پنکھے کو آزمائیں اور معلوم کریں کہ کس جگہ پنکھا تیز رفتاری سے چلتا ہے وہیں

ہوا کی رفتار زیادہ ہوگی۔ ٹیچر طلبہ کو بتائیں کہ ہوا کا رُخ جاننے کے لئے Wind Vane کا استعمال کیا جاتا ہے اور بورڈ پر اس تصویر کو بنا کر دِکھائیں۔ یہاں چاروں سمتوں (مشرق، مغرب، شمال اور جنوب) کے نشان (E,W,N,S) لگالیں تا کہ ہوا کے رُخ کی سمت کو جانا جاسکے۔

## نمی کو معلوم کرنا:

ایک گلاس کو ٹھنڈے یخ پانی سے بھر دیں۔ چند لمحوں میں گلاس کی بیرونی سطح پر آبی بخارات کی تہہ جمع ہو جائے گی۔ ٹیچر بچوں سے سوالات کے ذریعے نتیجہ اخذ کروائیں کہ نمی ہوا میں موجود ہوتی ہے اور ٹھنڈی سطح پر ٹکرانے سے قطروں کی شکل میں جمع ہو جاتی ہے۔ اس طرح طلبہ کو نمی کا تصوّر دیا جاسکتا ہے۔

## سرگرمی نمبر2:

ٹیچر بچوں سے اپنے مقام کا ایک ہفتے کا موسمی چارٹ بنوائے۔

| دن | سورج | بادل | ہوا کی رفتار | بارش | ٹمپریچر |
|---|---|---|---|---|---|
| پیر | | | | | |
| منگل | | | | | |
| بدھ | | | | | |
| جمعرات | | | | | |
| جمعہ | | | | | |
| ہفتہ | | | | | |

## سرگرمی نمبر3:


گلوب اور نقشہ دکھا کر مختلف آب و ہوائی خطوں کی پہچان کروائی جائے۔

1. پاکستان کس خطہ میں واقع ہے؟
2. برازیل کس خطہ میں واقع ہے؟
3. قطبی علاقوں میں واقع دو ملکوں کے نام تلاش کریں۔
4. منطقہ معتدلہ میں واقع تین ملکوں کے نام تلاش کریں۔

## سرگرمی نمبر4:

معاشرتی علوم ''پیکیج سی'' میں نئے الفاظ اور اصطلاحات کی وضاحت کیجئے تاکہ طلبہ ان اہم تصورات کو سمجھ سکیں۔

دیے گئے دُنیا کے نقشے کے خاکے پر آب وہوائی خطے رنگوں سے ظاہر کروائیں۔




## کلاس ورک:

- ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات کو حل کروائیں اور ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کریں۔

## جائزہ:

- نقشے پر پاکستان کے کے آب وہوائی خطوں میں مختلف رنگ بھریں اور ان خطوں کی خصوصیات لکھیں۔
- بچوں سے پوسٹر بنوائیں: "آب وہوا انسان کے رہن سہن، غذا، لباس، اور کھیل پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے۔

## ہوم وَرک:

- طلبہ کو سوال نمبر 4 کے پانچ اجزاء کے جوابات گھر سے لکھ کر لانے کو کہیں۔
- گھر کے کام کے لیے ہر جزو اسی دن تفویض کریں جس دِن تصور پڑھایا جائے۔

# 3 پاکستان کے طبعی خدوخال

درسی مواد صفحہ نمبر:23تا31 تدریسی دورانیہ: 35منٹ کے 5 پیریڈز کل:175منٹ

## حاصلات تعلم:

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

SSC6b405 پاکستان کے اہم طبعی خدوخال(Physcial features) کی شناخت کرسکیں۔

SSC6b608 طبعی ماحول( Physical Environment) کے پاکستان کے لوگوں کے طرززندگی پر اثرات بیان کرسکیں۔

SSC6b811 قدرتی آفات کی شناخت کرسکیں اورانسانی زندگی پر ان کے اثرات بیان کرسکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، چاک، ڈسٹر، درسی کتاب، چارٹ، مارکر اور تصویریں وغیرہ۔

## آمادگی کی سرگرمی:

ٹیچر بچوں کو درج ذیل تصاویر دکھا کر ان پر بات چیت کرے:

1۔ پہلی تصویر پاکستان کے میدانی علاقوں کی۔

2۔ دوسری تصویر پاکستان کے صحرائی علاقوں کی۔

3۔ تیسری تصویر پاکستان کے ساحلی علاقوں کی۔

4۔ چوتھی تصویر پاکستان کے پہاڑی علاقوں کی۔

5۔ پانچویں تصویر جنگلات کی۔

## تدریسی طریقہ کار:

ترتیب وار یہ تصاویر دکھاتے ہوئے استاد بچوں سے کچھ اس طرح کے سوالات پوچھیں:

۱۔ یہ پہلی تصویر میں کس طرح کے لوگ دیکھ رہے ہیں؟

۲۔ کیا اس میں پہاڑ نظر آرہے ہیں؟

۳۔ کیا سمندر یا ریگستان بھی ہیں؟

بچوں کے جوابات نفی میں ہوں گے۔ استاد بچوں کو بتائے کہ یہ میدانی علاقہ ہے یا یہ میدانی علاقے کی تصویر ہے۔ اس تصویر میں بڑے بڑے کھیت یا میدان واضح ہیں۔

اسی طرح ٹیچر باقی تین تصاویر دِکھا کر ایسے سوالات پوچھے کہ اُس خاص خطّے کا نام آجائے مثلاً صحرائی، ساحلی اور پہاڑی علاقے کی تصاویر ہیں۔

اس کے بعد ٹیچر بچوں کو بتائے کہ آج ہم پاکستان کے طبعی خدوخال کے لحاظ سے بننے والے خِطوں کے بارے میں پڑھیں گے جو میدانی، صحرائی، ساحلی اور پہاڑی علاقوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔

## سرگرمی نمبر1:

تصوّر کی وضاحت کے لئے سب سے پہلے ٹیچر تمام بچوں کے سامنے اس سبق کو آہستہ آہستہ پڑھے تاکہ بچوں کو نہ صرف سمجھ آئے کہ کیا پڑھا جارہا ہے بلکہ الفاظ کے درست تلفظ کو سیکھنے کا موقع بھی ملے۔

سبق کو پڑھنے کے دوران بچوں کی توجّہ اور دلچسپی برقرار رکھنے کے لئے سوالات بھی کریں۔

## سرگرمی نمبر2:

تصور کی پختگی کے لئے استاد سبق کو پڑھنے کے بعد بچوں سے پوچھے کہ کیا اُنھیں یہ معلوم ہوگیا ہے کہ پاکستان طبعی خدوخال کے لحاظ سے 4 خِطوں پر مشتمل ہے۔ بچوں کا جواب ملنے کے بعد استاد تختہ تحریر پر اس طرح کا جدوّل بنائے۔

## طبعی خدوخال کے لحاظ سے پاکستان کے خطے اور ان کی خصوصیات

| پہاڑی خِطہ | صحرائی خِطہ | ساحلی خِطہ | میدانی خِطہ |
|---|---|---|---|
| - دو قسمیں ہوتی ہیں، خشک و مرطوب<br>- زراعت کم<br>- سردی بہت زیادہ<br>- سادہ طرزِ تعمیر<br>- آبادی کم<br>- غربت<br>- لوگوں کے درمیان سماجی تعلقات مضبوط | | | |

جدول کے پہلے کالم کو نمونے کے طور پر پُر کیا گیا ہے۔ ٹیچر نے یہ کالم بھی سادہ ہی بنانا ہے کچھ نہیں لکھنا۔ جب خالی جدول بنالے تو اس کو عنوان دے "پاکستان کے طبعی خدوخال کے لحاظ سے خِطے اور ان کی چیدہ چیدہ خصوصیات"۔

اس کے بعد ٹیچر بچوں سے کہے کہ وہ درسی کتاب میں سے پڑھ کر پہاڑی خِطے کے بارے میں جو کچھ بھی لکھا ہے وہ بتائے۔ ایک بچے کو صرف ایک خصوصیت یا معلومات بتانے کی اجازت دی جائے۔

اس طرح بچے تیز ریڈنگ بھی کریں گے اور پرجوش ہو کر اس خِطے کے بارے میں ٹیچر کو بھی بتائیں گے۔ ٹیچر اوپر دیے گئے نمونے کو مدنظر رکھ کر تمام کالم پُر کرتا جائے اور بچوں کی حوصلہ افزائی بھی کرتا جائے اس طرح تمام کالمز فل ہو جائیں گے (خصوصیات لکھنے سے بھر جائیں گے) اور بچوں کو کافی عرصہ یہ تمام معلومات یاد رہیں گی۔

اسی طرح درسی کتاب کا بقیہ مواد جیسے "انسانی زندگی پر طبعی خدوخال کا اثر" کی تدریس میں پہلے تصاویر پر متن کے حوالے سے بات چیت کریں اور متن کی تدریس بعد میں کریں۔ متن کی پڑھائی ٹھہر ٹھہر کر اس انداز سے کریں کہ بچوں کو سمجھ آجائے۔

## جائزہ:

- ٹیچر بچوں کے چار گروپ بنائے اور انھیں مارکر اور چارٹ دے۔ اس کے بعد ایک گروپ کو پہاڑی خِطہ، دوسرے گروپ کو صحرائی خِطہ، تیسرے گروپ کو ساحلی خِطہ اور چوتھے گروپ کو میدانی خِطہ پر پیشکش تیار کرنے کو دے۔
- اس کے لئے بچوں کو 15 منٹ دے اور پھر 5،5 منٹ کی Presentation لے۔ اس دوران ٹیچر کمک Feedback دے کر تصور کو مزید واضح بھی کر سکتا ہے۔

**نوٹ:** جو تصاویر ٹیچر نے اس عنوان کی تدریس کے لئے استعمال کی تھی بچے ان کو اپنے Presentation کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

## ہوم ورک

- ہر پیریڈ میں پڑھائے گئے سبق کے مطابق طلبہ کو مشقی سوالات گھر سے مکمل کر کے لانے کو کہیں۔

# 4 ہماری ثقافت

درسی مواد صفحہ نمبر: 32تا42　　تدریسی دورانیہ: 35منٹ کے 5 پیریڈز　　کل: 175منٹ

## حاصلات تعلم:

**اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

| | |
|---|---|
| SSC2b101 | ثقافت (Culture) کی تعریف کرسکیں اور اس کے اجزاء بیان کریں۔ |
| SSC2b202 | قوم (Nation) اور قومیت (Nationality) کی تعریف کرسکیں۔ |
| SSC2b203 | جذبہ قومیت (Nationalism) کی تعریف اور وضاحت کرسکیں اور بتاسکیں کہ کیسے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ |
| SSC2b304 | پاکستان کے ثقافتی متنوع (مذہب، دست کاریاں، زبانیں، میلے، لباس، تہوار، لوک گیت، پکوان، آرٹ/فن) کو بیان کر سکیں۔ |
| SSC2b505 | مذہبی ہم آہنگی (Harmony) کو بیان کرسکیں اور بتاسکیں کہ کس طرح اقلیتیں اپنے تہوار مناتی ہیں۔ |

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک ڈسٹر، کمپیوٹر/موبائل، پیپر چٹ، تصاویر

## تدریسی طریقہ کار:

### سرگرمی 1:

ٹیچر سبق کو کہانی کے انداز میں پڑھنے سے پہلے ایک ویڈیو دکھائے (Old Stone Age، لیپ ٹاپ یا Android Mobile پر)

اور پھر بچوں سے سوال پوچھے: آپ نے اس ویڈیو میں کیا دیکھا؟ جو جوابات آئیں وہ نوٹ کریں۔

اگر ٹیچر کے پاس ویڈیو دکھانے کی سہولت نہیں ہے تو وہ Old Stone Age پاکستان میں رہنے والے لوگوں کی تصاویر دکھائے (کھانے، جگہ) لباس، اور تہوار کی تصاویر وغیرہ بچوں کو دکھائے اور پاکستان کی ثقافت کے بارے میں بتائے۔

## سرگرمی 2:

ٹیچر چند بچوں سے معلوم کرے گا کہ وہ گھروں میں کون کون سی زبانیں بولتے ہیں، لباس، رسم، رہن وسہن، کھانا اور کون سے تہوار کیسے مناتے ہیں؟ اُن جوابات کو بورڈ پر لکھا جائے۔

| شاگرد | (1) | (2) | (3) |
|---|---|---|---|
| نام | انیلا | | |
| زبان/بولی | سرائیکی | | |
| لباس | شلوار قمیص | | |
| کھانا | روٹی سالن، مرغی پلاؤ، وغیرہ | | |
| تہوار/تقریبات | عیدین، میلے، سالگرہ، شادی بیاہ | | |

درج بالا سرگرمی تین چار بچوں کی مدد سے کرواکر بچوں سے پوچھیں کہ ان تمام بچوں سے متعلق یہ تمام معلومات مل کر کیا بناتی ہے۔ بچے جواب دیں گے ”ثقافت“۔ بچوں کو کہیں کہ وہ بھی سوالات پوچھیں اور ٹیچر خود سوال کر کے مزید معلومات کا بھی اضافہ کرے۔ تمام سبق کو پیریڈز کے لحاظ سے تقسیم کر کے طلبہ کے سامنے تفہیمی نقطہ نظر سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔

## سرگرمی 3:

ٹیچر بچوں سے Fish bowl کی سرگرمی کی مدد سے 10 سوال مشق میں دیئے گئے ہیں جو استعمال کر سکتے ہیں اور خود بھی بنا سکتے ہیں (نوٹ) 10 سوال بنائے اور بچوں کے دو گروپ A اور B بنائیں اور انھیں یاد کروائیں۔

زمین پر ایک بڑا دائرہ بنائیں اور سب بچوں کو چھوٹے پتّے پر مچھلی بنانے کو کہیں اور اپنا نام لکھنے کو کہیں اور وہ اپنے ڈریس پر لگائیں۔ جب سوالات کی تیاری ہو جائے تو ایک A اور ایک B کا بچہ اس گول دائرے میں آئے اور استاد سوال پوچھے۔ جس کا جواب درست ہو وہ بورڈ پر نوٹ کریں۔

| انیلا | گروپ(A) | گروپ(B) |
|---|---|---|
| .1 | | |
| .2 | | |
| .3 | | |
| .4 | | |
| .5 | | |
| .6 | | |
| .7 | | |
| .8 | | |
| .9 | | |
| .10 | | |
| ٹوٹل | | |

اس طرح 10 سوال پورے ہو جائیں گے اور ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ کون جیتا اور کون ہارا۔

**سرگرمی 4:** سرگرمی نمبر 4 تختہ تحریر پر درج ذیل جدول بنائیں اور بچوں کی مدد سے اس طرح حل کروائے۔

| | بیانات | F | O |
|---|---|---|---|
| .1 | مسلمان قمری کیلنڈر کو دیکھ کر اپنے تہوار کی تاریخ دیکھتے ہیں۔ | 6 | 2 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .2 | کرسمس شمسی کیلنڈر کی مدد سے جنوری میں منایا جاتا ہے۔ | | |
| .3 | سندھ میں ہر تہوار پر نئے کپڑے پہنے جاتے ہیں۔ | | |
| .4 | شلوار قمیص، اور اجرک، ٹوپی سندھ کی ثقافت ہے۔ | | |
| .5 | پہلے زمانے کے لوگ غار میں رہتے تھے۔ | | |

- اس جدول میں F کا مطلب Fact ہے یعنی حقیقت / سچ اور O کا مطلب Opinion یعنی خیال یا رائے ہے۔
- ٹیچر ایک بیان پڑھے اور طلبہ سے پوچھے کہ F ہے یا O۔
- جتنے بچے اس بیان کو F کہہ رہے ہوں ان کی تعداد اس بیان کے سامنے والے کالم میں لکھے اور جتنے بچے اسے O کہہ رہے ہوں ان کی تعداد کو O والے کالم میں لکھے۔
- ہر بیان پر وہ ان سے پوچھے کہ وہ F یا O کیوں کہہ رہے ہیں پھر آخر میں استاد درست جواب بتائیں۔

## جائزہ:

- پاکستان کے لوگوں کے رسم ورواج اور تہواروں پر مبنی چند تصاویر لیں۔ (واضح)
- تصاویر کی تعداد کے لحاظ سے بچوں کے گروپ بنائیں۔
- بچوں کو کہیں کہ گروپ میں اس دی گئی تصویر پر پاکستان کے رسم ورواج اور تہوار کے حساب سے نوٹ لکھیں۔

## ہوم ورک:

- ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات گھر سے کر کے لانے کو کہیں اور دوسرے دِن ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کریں۔

# 5 شہریت وانسانی حقوق

درسی مواد صفحہ نمبر: 43تا49     تدریسی دورانیہ: 35منٹ کے 5 پیریڈز     کل: 175منٹ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

| | |
|---|---|
| SSC1b101 | شہری (Citizen)، عالمی شہری (Globel Citizen) اور ڈیجیٹل / سائبر شہری (Digital/Cyber Citizen) کی تعریف اور فرق کر سکیں۔ |
| SSC1b202 | انسانی حقوق (Human Rights) کی تعریف کر سکیں۔ |
| SSC2b202 | قوم (Nation) اور قومیت (Nationality) کی تعریف کر سکیں۔ |
| SSC1b203 | اقوامِ متحدہ (United Nations) کے وضع کردہ بنیادی انسانی حقوق کی شناخت کر سکیں۔ |
| SSC1b304 | رواداری (Tolerance) کی تعریف کر سکیں۔ |
| SSC1b305 | معاشرتی اور ثقافتی فرق مدنظر رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگی (Harmony) سے رہنے کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں۔ |
| SSC1b406 | عمومی آداب (Common Etightes) مثلاً اخلاق وشائستگی، بڑوں کا احترام، دوسروں کی مدد، محنت کی عظمت اور نظم و ضبط وغیرہ کی شناخت کر سکیں۔ |
| SSC1b407 | یہ جان سکیں کہ بغیر کسی مذہبی اور نسلی فرق کے تمام افراد کے حقوق ہیں اور ایک دوسرے کی رائے کا احترام کرنا سیکھ سکیں۔ |
| SSC1b408 | امن (Peace) اور ہم آہنگی (Harmony) پیدا کرنے کے طریقے تجویز کر سکیں۔ |
| SSC1b409 | بات چیت کے ذریعے گھر اور سکول میں ہونے والے تنازعات کو حل کرنے کی اہمیت سمجھ سکیں۔ |

## تدریسی معاونات:

تدریسی کتاب، تختۂ تحریر، تصاویر، چارٹ وغیرہ

## تدریسی طریقہ کار:

### سرگرمی 1:

ٹیچر سبق شروع کرنے سے بچوں کو بتائے شہری کسے کہتے ہیں۔ شہری کی جو تعریف درسی کتاب میں دی گئی ہے وہ تختہ تحریر پر خوش خط انداز میں لکھیں۔ پھر طلبہ باری باری آ کر بلند آواز سے خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی پڑھائیں۔ آخر میں یہ تعریف بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں اور چیک کریں۔

### سرگرمی 2:

سبق میں دیے گئے شہریوں کے عمومی آداب کو مدنظر رکھتے ہوئے طلبہ کو کوئی اخلاقی کہانی سنائیں اور عمومی آداب کی اہمیت کو واضح کریں اور نیچے دیے گئے عمومی آداب پر جماعت میں طلباء کے ساتھ مل کر گفتگو کریں۔

1۔ ہر کسی سے اچھے اخلاق سے پیش آنا۔

2۔ بڑوں کا ادب کریں اور چھوٹوں پر شفقت کریں۔

3۔ نرمی اور صبر سے گفتگو کریں۔

4۔ مشکل میں دوسروں کی مدد کریں۔

5۔ اپنی زندگی میں نظم وضبط اور اصول وضوابط کا خیال رکھیں۔

### سرگرمی 3:

سبق میں دیے گئے بنیادی انسانی حقوق طلبہ کو جماعت میں یاد کروائیں اور پھر ہر ایک طالب علم کو سامنے بلا کر تختہ تحریر پر ان سے لکھوائیں تا کہ ان کا تعلم مزید پختہ ہو۔

### سرگرمی 4:

جماعت سے چند طلبہ کو منتخب کریں اور انہیں اسکول اور محلے میں ہونے والے تنازعات کو کیسے حل کرنا کے موضوع پر کردار نگاری کے لیے تیار کریں۔ پھر بزم ادب کے موقع پر یہ کردار نگاری سب کے سامنے پیش کریں تا کہ طلبہ تنازعات کو حل کرنے کی اہمیت اور طریقے سیکھ سکیں۔

## جائزہ:

- ٹیچر طلبہ کے تین گروپ بنائیں۔اس کے بعد ایک گروپ کو شہری کی تعریف اور تصور، دوسرے گروپ کو عمومی آداب اور تیسرے گروپ کو تنازعات اور ان کے حل کے طریقے پر پیشکش تیار کرنے کو دیں۔
- اس پیشکش کی تیاری کے لیے بچوں کو 20 منٹ دیں اور پھر ہر ایک گروپ اپنی پیشکش پانچ، پانچ منٹ میں سب کے سامنے پیش کرے۔

## ہوم ورک:

- ہر پیریڈ میں پڑھائے گئے موضوعات کے مشقی سوالات طلبہ کو گھر سے لکھ کر لانے کو کہیں۔

## نوٹ:

- ان سرگرمیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سبق میں موجود باقی موضوعات طلبہ کو پڑھائیں۔

# 6 ہماری تاریخ

درسی مواد صفحہ نمبر: 50تا70 　　 تدریسی دورانیہ: 35منٹ کے 6 پیریڈز 　　 کل: 210منٹ

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

SSC5b101 علمِ تاریخ کی تعریف کرسکیں۔

SSC5b102 میسوپوٹیمیائی، مصری، وادی سندھ اور گندھارا تہذیب کو خطِ وقت کے ذریعے پہچان سکیں۔

SSC5b203 حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی کے اہم سماجی وسیاسی واقعات بیان کرسکیں۔

SSC5b304 قیامِ پاکستان میں قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ، علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ اور محترمہ فاطمہ جناحؒ کا کردار بیان کرسکیں۔

SSC5b405 قیامِ پاکستان میں اقلیتوں کا کردار بیان کرسکیں۔

SSC5b506 قیامِ پاکستان میں صوبوں اور علاقوں کا کردار بیان کرسکیں۔

SSC5b607 اپنے صوبے کے اہم تاریخی واقعات بیان کرسکیں۔

SSC5b608 صوبہ خیبر پختونخوا کی ترقی میں اہم شخصیات کی سماجی، سیاسی اور مذہبی خدمات کی نشاندہی کرسکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک، ڈسٹر، تدریسی کتاب، چارٹ، تصاویر وغیرہ۔

## طریقہ تدریس:

تمام تصورات کو پیریڈز میں تقسیم کریں اور ہر تصوّر کو تصاویر پر بات چیت سے شروع کریں اور سبق کی پڑھائی ٹھہر ٹھہر کر تفہیمی طریقے سے کریں اور درمیان میں سوال جواب بھی کریں۔ ٹیچر بچوں سے تحریکِ پاکستان میں صوبوں کے کردار کے بارے میں پوچھے۔

## سرگرمی 1:



ٹیچر بچوں سے مختلف دنوں میں تحریک پاکستان میں صوبوں کے کردار اور صوبہ خیبر پختون خوا کی اہم شخصیات اور واقعات سے متعلق سوالات اور تقریری مقابلے کا اہتمام کریں۔

## سرگرمی 2:

ٹیچر کتاب میں وادی سندھ، مصر اور میسو پوٹیمیا کا نقشہ طلبہ کو دکھائیں اور ان تہذیبوں کی خصوصیات اور محل وقوع کی وضاحت کریں۔

## سرگرمی 3:

ٹیچر قائدِ اعظم اور علامہ اقبالؒ کے متعلق درج ذیل نقات کو سامنے رکھتے ہوئے کہانی کی شکل میں معلومات دیں۔

| تاریخ | | واقعات |
|---|---|---|
| (1) قائداعظمؒ 25 دسمبر 1876ء کراچی شہر میں پیدا ہوئے اور 11 ستمبر 1948ء کو انتقال فرماگئے۔ |  | بہت کوشش اور جدوجہد کے بعد 14 اگست 1947ء کو پاکستان وجود میں آیا۔ آپ کا مزار کراچی میں ہے۔ |
| (2)09 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے آپ نے اپنی شاعری سے لوگوں کے اندر جذبہ پیدا کیا اور 21 اپریل 1938ء کو انتقال فرماگئے۔ |  | 1930ء میں الہ آباد کے مقام پر خطاب میں الگ ملک کا تصور پیش کیا۔ آپؒ کا مزار لاہور میں بادشاہی مسجد کے احاطے میں واقع ہے۔ |

ٹیچر کوشش کریں کہ بچوں کو اوپر دی ہوئی معلومات کا علم ہو جائے۔

## سرگرمی 4: کردار نگاری اور سوال وجواب

ٹیچر بچوں کی کلاس میں ایک ایسا بچہ / شاگرد منتخب کرے جو بولنے / جوابات دینے میں تیز ہو۔ اُس کو کوئی بھی ایک ہیرو (علامہ اقبالؒ / قائداعظم محمد علی جناحؒ وغیرہ) کا کردار ادا کرنے کے لیے تیار کریں۔ اور اُس بچے کو بتائیں کہ اُس کو ایک ہیرو کے لیئے منتخب کیا گیا ہے، جس سے سب بچے سوالات پوچھیں گے اور باقی کلاس کو کہا جائے کہ آپ سامعین / سُننے والے (Audience) ہو آپ کے سامنے ایک شخصیت یا ہیرو آئے گا آپ اُس سے سوالات پوچھیے۔

**نوٹ:**

کلاس میں بچے چھوٹی عمر کے ہیں تو ٹیچر بچوں کی مدد کرے کہ کس قسم کے سوالات پوچھنے ہیں۔ اور بچوں کو کہیں کچھ دیر کے لئے بھول جائیں کہ وہ اُن کی کلاس کا شاگرد ہے بلکہ یہ سوچیں کے وہ قوم کے ہیرو ہے۔

ہیرو کا استقبال کریں، پھر جب ہیرو سب کے سامنے آئے تو اپنا تعارف سب سے کروائے اور پھر بچے ایک ایک کرکے سوالات پوچھیں اس سرگرمی کا مقصد یہ ہے کہ بچوں کہ اندر خُود اعتمادی پیدا ہو اور وہ خود سوالات پوچھ سکیں۔ بچے ہمیشہ اس کردار اور سرگرمی کو یاد رکھیں گے۔


## سرگرمی 5:

ٹیچر بچوں کو A4 سائز / رجسٹر کے صفحے پر یا کاپی میں ایک سوال دیں اور کہیں کہ اس پہ اپنے خیالات لکھیں اور کلاس کے سامنے پیشکش Presentation دیں۔

**سوال "آپ ایسے کون سے کام کروگے کہ لوگ آپ کو ہمیشہ یاد کریں"**

## سرگرمی 6: (In & Out Circle)

ٹیچر بچوں کو دو گروپ A & B میں تقسیم کریں اور بچوں کو مخصوص 10 سوالات کہانی میں سے بنا کر دے یا مشق میں دیئے گئے سوالات استعمال کرے اور بچّوں کو سوالات کے جوابات کے لیے کچھ وقت دیں۔ گروپ میں ایک رہنما منتخب کریں۔




- ٹیچر بچوں سے پوچھنے کے لئے سبق کے مواد میں سے 10 سوالات بنائیں۔
- ٹیچر بچوں کو دو گروپس A اور B میں تقسیم کریں۔
- بچوں کو دس منٹ دیں کہ وہ دوبارہ سبق کا مطالعہ کریں۔
- اب زمین پر دو دائرے اس طرح بنائیں کہ ایک دائرہ دوسرے کے اندر ہوں۔
- ٹیچر تختہ تحریر پر دیا گیا جدول بنائے۔
- جب بچے پڑھ چکیں تو اب دونوں گروپس A اور B میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں گروپ A کے بچے کو اندر والے دائرے میں کھڑا کردیں اور گروپ B والے بچے کو اندر والے دائرے سے باہر یعنی دوسرے دائرے میں کھڑا کریں۔
- اب دونوں سے ایک سوال ان 10 سوالات میں سے پوچھیں جو آپ نے ان کے لئے تیار کئے تھے۔
- گروپ A اور B کے بچوں میں سے جو پہلے اور درست جواب دے اُس کا تختہ تحریر پر بنائے گئے جدول کے کالم میں 1 نمبر لگادیں اور جو پیچھے رہ گیا ہو اس کا صفر 0 لگادیں۔
- اگر پہل کرنے والے بچے کا جواب درست نہ ہو اور دوسرا بچہ درست جواب دے تو پہلے بچے کا 0 اور دوسرے کا ایک نمبر ان کے کالم میں لگائیں۔
- اس طرح تمام 10 سوالات مختلف بچوں کو بلوا کر دائروں میں کھڑا کر کے پوچھیں اور نمبر لگائیں۔
- آخر میں جیتنے والے گروپ کے لئے تالیاں بجوائیں۔

ٹیچر زمین پر دو دائرے بنائیں اور ایک بچے کو بیچ میں کھڑا کریں اور ایک کو باہر۔ شاگرد ایک A گروپ کا ہو اور ایک B گروپ کا ہو۔ دونوں سے ایک جیسے سوالات پوچھے جس کا جواب صحیح ہو یا دونوں کا اگر جواب صحیح ہو تو تختہ تحریر پر یہ ایک چارٹ بنائے اور نمبر زدیں۔

پھر A-B گروپوں میں سے ایک ایک کر کے شاگرد کو دائرے میں بلا کر سوالات پوچھیں۔

| نمبر شمار | A گروپ نمبر | B گروپ نمبر |
|---|---|---|
| .1 | 0 | 1 |
| .2 | | |
| .3 | | |
| .4 | | |
| .5 | | |

## جائزہ:

- طلبہ سے کہیں کہ اس سبق میں سے کسی بھی ایک ہیرو کے بارے میں نوٹ لکھیں۔
- تحریک پاکستان میں صوبوں کے کردار اور صوبہ خیبر پختونخوا کی اہم شخصیات اور واقعات کی فہرست بنائیں۔

## کلاس ورک:

- ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات کو کروائیں اور ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کا کام کروائیں۔

# 7 معاشیات اور معاشی سرگرمیاں

درسی مواد صفحہ نمبر: 71 تا 77 | تدریسی دورانیہ: 35 منٹ کے 4 پیریڈز | کل: 140 منٹ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

| | |
|---|---|
| SSC7b101 | معاشیات (Economics) کی اور ملکی معیشت کی تعریف کر سکیں۔ |
| SSC7b202 | اشیا اور خدمات (Goods and Services) کی تعریف کر سکیں اور مثالوں کی فہرست مرتب کر سکیں۔ |
| SSC7b203 | عوامی و نجی اشیاء اور خدمات میں فرق کر سکیں۔ |
| SSC7b405 | افراطِ زر کی تعریف کر سکیں اور بتا سکیں کہ لوگوں کی قوتِ خرید پر یہ کس طرح اثر انداز ہوتی ہے۔ |
| SSC6b709 | آبادی اور مردم شماری کی تعریف کر سکیں۔ |
| SSC6b710 | بڑھتی آبادی سے پیدا ہونے والے مسائل کی فہرست بنا سکیں۔ |

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک، کتابیں، تصاویر اور خدمات اور اشیاء کے متعلق چارٹس وغیرہ۔

## آمادگی:

پڑھانے سے پہلے بچوں کو مختلف اشیاء یا خدمات کی تصاویر دِکھائیں مثلاً کتابیں، کاپیاں، ڈیسک، میز، کرسیاں، اور مختلف لوگوں کی کام کرتے ہوئے تصاویر مثلاً ڈاکٹر، نرس، ٹیچر، وکیل، حجام، مستری وغیرہ۔ اس کے بعد درج ذیل سوالات پوچھیں۔

**سوال نمبر 1** کون سی چیزیں اشیاء ہیں؟

**سوال نمبر 2** کون سی تصاویر پیشہ یا خدمات کو ظاہر کر رہی ہیں؟

ٹیچر طلبہ سے کتابیں کھلواتے ہوئے کہانی کے انداز میں اُن کی معلومات میں اضافہ کرے اور طلبہ کو وقتاً فوقتاً کہانی میں شامل کرنے کے لیے سوالات کرے۔ سبق کو ایسے پڑھیں کہ طلبہ کی تفہیم ہو یعنی ٹھہر ٹھہر کر سبق پڑھا جائے۔

## سرگرمی:

طلبہ کو بتائیں کہ اشیاء سے مراد وہ چیزیں ہیں جنھیں ہم دیکھ اور چھو سکتے ہیں اور ہمارے کوئی ضرورت پوری کرتی ہیں۔ جب کہ خدمات سے مراد وہ کام ہیں جن کے ذریعے ہم دوسروں کی کوئی ضرورت پوری کرتے ہیں اور اس کے بدلے میں ہمیں معاوضہ ملتا ہے۔

اس عنوان کے متعلق تصور کو واضح کرنے کیلئے ٹیچر طلبہ سے پوچھیں، کلاس میں رکھی اشیاء میں سے کون کون سی اشیاء آپ خرید سکتے ہیں اور چھو سکتے ہیں۔ پھر طلبہ سے پوچھیں کہ اسکول سے آپ کون کون سی چیزیں خرید سکتے ہیں۔ پھر طلبہ کو خدمات والا چارٹ دکھاتے ہوئے پوچھیں کہ آپ کون کون سی خدمات خریدتے ہیں اور کون سی خدمات مفت میں ملتی ہیں۔ تختہ تحریر پر ایک طرف پبلک یا سرکاری اشیاء اور خدمات اور دوسری طرف پرائیوٹ یا غیر سرکاری اشیاء یا خدمات۔

ٹیچر طلبہ کے اس تصور کو واضح کرے کہ کچھ اشیاء جو ہمیں گورنمنٹ فراہم کرتی ہے وہ سرکاری اور مفت ہوتی ہیں جبکہ پرائیوٹ یا غیر سرکاری اشیاء یا خدمات رقم لے کر خریدی جاتی ہیں۔ ٹیچر تختہ تحریر پر لکھے مثلاً سرکاری اسکول میں ملنے والی کتابیں، اور سرکاری ہسپتال میں ملنے والی دوائیں، سڑکیں، پارک، کھیلنے کے میدان، پُل، روڈ پر لگی لائیٹیں جبکہ پرائیوٹ یا غیر سرکاری اشیاء ہم بازار سے رقم دے کر خریدتے ہیں جیسے کہ الیکٹرک / بجلی کی اشیاء، تعمیراتی سامان، گھر میں کھانے پکانے کی اشیاء وغیرہ۔ اسی طرح طلبہ سے پوچھتے ہوئے غیر سرکاری خدمات کے دائرے میں لکھیں کہ مختلف لوگوں کی خدمات لیتے ہوئے آپ رقم ادا کرتے ہیں مثلاً نائی (حجام)، پلمبر، درزی، رنگ ساز، باورچی، ڈاکٹر، وکیل، ترکھان وغیرہ۔

## جائزہ:

- تختہ تحریر پر سے تمام لفظوں کو مٹا کر اور ایک ایک طالب علم سے عنوان کے متعلق زبانی سوالات پوچھیں اور تحریری طور پر تختہ تحریر کا استعمال کرائیں مثلاً ہمیں کون سی خدمات مفت ملتی ہیں ؟ اسی طرح کے مزید سوالات درسی کتاب میں سے پوچھے جاسکتے ہیں۔

## کلاس ورک:

- ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات کروائیں اور ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کا کام کروائیں۔

**نوٹ:** ٹیچر طلبہ کو یہ تصور واضح کرے کہ پبلک یا سرکاری اشیاء اور خدمات ملک کے ہر شہری کیلئے ہوتی ہیں اور حکومت اُسے مفت فراہم کرتی ہے اسے آپ بیچ نہیں سکتے۔ جبکہ پرائیوٹ یا غیر سرکاری اشیاء اور خدمات رقم دے کر حاصل کی جاتی ہیں اور اُن اشیاء اور خدمات سے آپ تجارت بھی کرسکتے ہیں۔ اور لوگ اپنی بنائی ہوئی اشیاء اور خدمات ہر شخص، ادارے یا پھر ملک سے باہر بھی بیچ سکتے ہیں۔

# 8 معاشی سرگرمیاں (صنعت اور تجارت)

درسی مواد صفحہ نمبر: 78 تا 84     تدریسی دورانیہ: 35 منٹ کے 4 پیریڈز     کل: 140 منٹ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

| | |
|---|---|
| SSC7b304 | پاکستان کی اہم درآمدات (Imports) اور برآمدات (Exports) کی شناخت کر سکیں۔ |
| SSC8b506 | بینک کی تعریف اور اس کی خدمات کی وضاحت کر سکیں۔ |
| SSC8b507 | پاکستان کی ترقی کے لیے بین الاقوامی تجارت (International Trades) کی اہمیت بیان کر سکیں۔ |
| SSC8b508 | نقل و حمل کے بڑے ذرائع کی شناخت کر سکیں۔ |

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک، تصاویر، چارٹس، مختلف ممالک کے جھنڈوں اور کرنسی نوٹوں کی تصاویر۔

## آمادگی:

ٹیچر طلباء کی سابقہ معلومات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے چند سوالات پوچھے۔

1. ہم چیزیں خریدنے کہاں جاتے ہیں؟
2. ہم دکان دار سے کس چیز کے بدلے میں اشیاء خریدتے ہیں؟
3. کون سی اشیاء ہمیں بغیر پیسوں کے مُفت ملتی ہیں؟

4. کیا ہماری ضرورت کی تمام اشیاء ہمارے ملک میں دستیاب ہوتی ہیں؟

5. اگر نہیں تو ہم وہ اشیاء کہاں سے منگواتے ہیں؟

## طریقہ کار:

### سرگرمی نمبر 1:

سبق کا آغاز کرتے ہوئے تختہ تحریر پر عنوان تحریر کریں اور طلبہ سے کہیں کہ آج ہم پاکستان کی درآمدات اور برآمدات کے بارے میں آپ کو بتائیں گے۔ ٹیچر کہانی والے انداز سے طلبہ کو شامل تدریس کرتے ہوئے اُن کی معلومات میں اضافہ کرے۔ کہانی کے اختتام پر چند طلبہ سے سبق کا کچھ حصہ پڑھوائیں۔

### سرگرمی نمبر 2:

ٹیچر تختہ تحریر پر پاکستان کی برآمدات لکھ کر برآمدات کا تصور واضح کرے کہ درآمدات، برآمدات کے تصور کی وضاحت کے لئے بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے پاس ایک کی بجائے تین پنسلیں ہوں اور آپ کے دوست کے پاس پنسلیں نہ ہو تو آپ اُس کو پنسل دے دیں گے؟ اسی طرح ٹیچر طلبہ سے پوچھتے ہوئے اگر آپ کے تھرماس میں پانی نہ ہو تو کیا آپ اپنے دوست سے پانی لینا پسند کریں گے۔


طلبہ ہی سے جواب لیتے ہوئے انہیں اجازت دیں کہ وہ کتابوں کی مدد سے جوابات دے سکتے ہیں اور تختہ تحریر پر جوابات لکھتے جائیں۔ جو اشیاء ہم دوسرے ممالک سے لیتے ہیں اُسے درآمدات کہتے ہیں اور جو اشیا ہم دوسرے ممالک کو دیتے ہیں اُسے ہم برآمدات کہتے ہیں۔

### سرگرمی نمبر 3:

طلبہ کو کہیں کہ وہ گھر سے بینک کیا ہوتے ہیں اور ہمارے کس کام آتے ہیں اس موضوع پر معلومات حاصل کریں اور لکھ کر لائیں۔
دوسرے دن طلبہ کو دو گروپوں میں تقسیم کریں دونوں گروپ گھر سے حاصل کردہ معلومات کی روشنی میں چارٹ بنائیں اور جماعت کے سامنے پیش کریں۔

## سرگرمی نمبر4

ہر بچے کی کاپی میں دو دائرے بنوائیں ایک کے اندر لکھوائیں پاکستان کی درآمدات اور دوسرے دائرے میں لکھوائیں پاکستان کی برآمدات اور ہر بچے کو کہیں کہ درسی کتاب سے مدد لے کر دائروں میں درآمدات اور برآمدات کے نام لکھیں۔




## کلاس ورک:

ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات کو حل کروائیں اور ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کریں۔

## جائزہ:

طلبہ کے تین گروپ بنائیں ایک گروپ پاکستان کی درمدات اور برامدات، دوسرا گروپ بینک اور اس کی خدمات جبکہ تیسرا گروپ بین الاقوامی تجارت کی پاکستان کی ترقی میں اہمیت پر پیش کش تیار کریں۔ آخر میں ہر ایک گروپ اپنی اپنی تیار کردہ پیش کش سب کے سامنے پیش کریں۔

# 9 پاکستان کا نظام حکومت

درسی مواد صفحہ نمبر: 85 تا 94 | تدریسی دورانیہ: 35 منٹ کے 5 پیریڈز | کل: 175 منٹ

## حاصلات تعلم:

**اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- SSC3b101 ریاست (State) اور حکومت (Government) کی تعریف کر سکیں۔
- SSC3b102 ریاست (State) اور حکومت (Government) کے مابین فرق کر سکیں۔
- SSC3b103 بیان کر سکیں کہ آئین (Constitution) کسے کہتے ہیں۔
- SSC3b104 آئین کی اہمیت (Importance of Constitution) کا تجزیہ کر سکیں۔
- SSC4b305 آئین پاکستان کے مطابق شہریوں کو حقوق و ذمہ داریوں پر بحث کر سکیں۔
- SSC3b406 عام انتخابات (Genral Election) کی تعریف کر سکیں۔
- SSC3b507 حکومت کے اجزا کے بارے میں بیان کر سکیں۔ مقننہ (Legislature)، انتظامیہ (Executive) اور عدلیہ (Judiciary)۔
- SSC3b608 وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کے بننے کا موازنہ کر سکیں۔
- SSC4b709 جمہوریت (Democrasy) کے تصور کو بطور مقبول ترین نظام حکومت بیان کر سکیں کہ اس نظام حکومت کو کیوں ترجیح دی جاتی ہے۔
- SSC3b810 رہنما (Leader) کی تعریف کر سکیں اور ان کی خصوصیات بتا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک، تصاویر، چارٹس وغیرہ۔

## آمادگی:

### سرگرمی نمبر 1

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھنے کے بعد طلباء سے چند سوالات پوچھیں۔

1. ہمارے ملک کے کتنے صوبے ہیں؟
2. ہمارے صوبے کا کیا نام ہے؟

3. صوبے کا وزیر اعلیٰ کون ہے؟

4. مجرموں کو سزا کون دیتا ہے؟

5. آپ کے گھر کا سربراہ کون ہے؟

6. اگر گھر کا سربراہ اپنی ذمہ داریاں ادا نہ کرے تو کیا ہو گا؟


7. اگر امی، ابو اور بچے مل کر اپنے اپنے کام اچھے طریقے سے وقت پر کر لیں تو کیا ہو گا؟ گھر اچھا چلے گا یا نہیں؟

بچوں کا جواب ملتے ہی اسے اپنے ملک کے نظام حکومت سے ملا دیں اور بچوں کو بتائیں کہ اگر اداروں کے سربراہ اور ممبران اپنے اپنے کام احسن طریقے سے مقررہ وقت پر کریں تو تمام کام اچھے طریقے سے ہوتے ہیں اور حکومت کا نظام اچھے طریقے سے چلتا ہے۔

## سرگرمی نمبر 2:

### طریقہ کار:

سب سے پہلے حکومت سے متعلق سبقی مواد کو آہستہ آہستہ بچوں سے پڑھوائیں۔ اس کے بعد اس کا تصور واضح کرنے کے لیے ایسا نقشہ تختہ تحریر پر بنائیں۔



## سرگرمی نمبر 3

ٹیچر بچوں کی تعداد کو مد نظر رکھ کر 3 گروپس بنائے (عام طور پر ایک معیاری گروپ 5 سے 6 بچوں پر مشتمل ہوتا ہے) درسی کتاب کے مواد کو اس طرح تقسیم کریں۔

**گروپ نمبر1:** وفاقی حکومت سے متعلق تمام مواد پڑھنے کو دیں۔

**گروپ نمبر2:** صوبائی حکومت سے متعلق تمام مواد پڑھنے کو دیں۔

**گروپ نمبر3:** مقامی حکومت سے متعلق تمام مواد پڑھنے کو دیں۔

فہم کے ساتھ پڑھنے اور آپس میں اس پر بحث کے لئے 20 منٹ دیں۔ اس دوران اُستاد تختۂ تحریر پر چند اشارے بھی دے کہ بچوں کو کیا کیا پڑھنا ہے۔ مثال کے طور پر

| 1 وفاقی حکومت | 2 صوبائی حکومت | 3 مقامی حکومت |
|---|---|---|
| • کیا ہوتی ہے؟<br>• کتنے ادارے ہیں؟<br>• سینٹ کیا ہے؟<br>• قومی اسمبلی کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟<br>• ملک کی سب سے بڑی عدالت کو کیا کہتے ہیں؟<br>• سپریم کورٹ کا سربراہ کون ہوتا ہے؟<br>• سپریم کورٹ کے فرائض کیا ہیں؟ | • کیا ہوتی ہے؟<br>• کتنے اداروں پر مشتمل ہے؟<br>• قانون سازی کا ادارہ کون سا ہے؟<br>• ارکان کی تعداد کتنی ہے؟<br>• MPA کسے کہتے ہیں؟<br>• صوبائی انتظامیہ کیا ہے؟<br>• کون کون اس میں شامل ہے؟<br>• ضلعی عدالت کہاں ہوتی ہے؟<br>• صوبے کی سب سے بڑی عدالت کون سی ہے؟ | • کیا ہوتی ہے؟<br>• کون کون انتظامیہ میں شامل ہوتا ہے؟<br>• کونسلر کون ہوتا ہے؟<br>• یونین کونسل اور ضلعی کونسل کس سطح پر بنتی ہے۔؟<br>• ان کے فرائض کیا ہیں؟ |

## سرگرمی نمبر4

تختۂ تحریر پر ذیل میں دیا گیا جدول بنائیں اور بچوں کو ریاست اور حکومت میں فرق سمجھائیں اور بچوں کو یہ جدول ہوم ورک کے طور پر دیں۔

| 1 ریاست | 2 حکومت |
|---|---|
| 1۔ریاست ایک مستقل ادارہ ہے<br>2۔ریاست کے اختیارات لامحدود ہوتے ہیں<br>3۔ریاست چار عناصر پر مبنی اعلیٰ ترین سیاسی ادارہ ہے | 1۔ حکومت بدلتی رہتی ہے<br>2۔ حکومت کے اختیارات محدود ہوتے ہیں<br>3۔ جب کہ حکومت ریاست کا ایک عنصر ہے |

- 20 منٹ بعد ٹیچر بچوں سے پوچھے کہ کیا انہوں نے اپنے اپنے حصے کا مواد توجہ سے پڑھ لیا ہے؟
- اب ٹیچر ہر گروپ کو ایک ایک فلپ چارٹ اور مارکر دے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جو کچھ انھوں نے پڑھا اسے تسلسل کے ساتھ اپنے چارٹ پر لکھیں (بڑا بڑا لکھیں تا کہ بورڈ پر لگنے کے بعد باقی بچے اسے پڑھ سکیں۔
- اس کام کے لئے انھیں 15 منٹ دیں۔
- جب تمام گروپس اپنا اپنا فلپ چارٹ مکمل کرلیں تو باری باری ان میں سے ایک ممبر آئے اور ساری جماعت کے سامنے اپنا کام پیش کرے۔اس کے لئے انھیں 30 منٹ دیں۔
- جب ایک گروپ کا چارٹ پیش ہو جائے تو استاد اس پر جائزہ لے اور ہر گروپ کے کام کی پیشکش کرنے میں جو کمی رہ گئی ہو وہ دور ہو جائے۔

- اس طرح باری باری جب تمام گروپس اپنا کام پیش کر دیں گے تو تمام مواد ایک مرتبہ پھر بچوں کے سامنے پیش ہو جائے گا اور ان کے فہم میں جو کمی رہ گئی ہو گی استاد کے جائزہ سے دور ہو جائے گی۔

## جائزہ:

- ٹیچر جائزے کے طور پر سرگرمی نمبر 2 جدوّل میں دیئے گئے اشاروں کا چارٹ ہر بچے کو بنانے کا کہے۔ وہی اشارے سوالات کے طور پر استعمال کرے اور بچوں کی تفہیم کا جائزہ لے۔

## کلاس ورک:

- ٹیچر طلبہ سے مشق میں دیئے گئے سوالات کو حل کروائیں اور ان کے کام کو غور سے چیک کر کے اصلاح کریں۔

**نوٹ:** اسی طرح بقیہ تصوّرات کی بھی تدریس کی جائے۔

# قومی ترانہ

پَاک سَرزَمِین شَاد بَاد　　کِشوَرِ حَسِین شَاد بَاد
تُونِشَانِ عَزمِ عَالی شَان　　ارضِ پَاکِستَان
مَرکزِ یَقِین شَاد بَاد

پَاک سَرزَمِین کا نِظَام　　قُوّتِ اُخُوّتِ عَوام
قَوم، مُلک، سَلطَنَت　　پَائِندَہ تَابِندَہ بَاد
شَاد بَاد مَنزِلِ مُرَاد

پَرچَمِ سِتَارہ و ہِلَال　　رَہبَرِ تَرقّی و کمَال
تَرجمانِ مَاضی، شَانِ حَال　　جَانِ اِستَقبَال
سَایۂ خُدائے ذُوالجَلال